تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

July 09, 2024

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے پروفیسر موقر بین الاقوامی اداروں کی رکنیت سے سرفراز

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے لیے یہ امر باعث افتخار ہے کہ پروفیسر ارشد نور صدیقی شعبہ میکانیکل انجینئرنگ، جامعہ ملیہ اسلامیہ کو امریکہ کے بین الاقوامی ملٹی نیشنل کنسورٹیم ایس اے این ڈی آئی اے نیشنل لبارٹری البوقیوقیو میں رکن ہندوستان کے بطور شامل کیا گیا ہے۔ واضح ہو کہ امریکہ کی محکمہ توانائی کے تحت سانڈیا ایک حکومتی ادارہ ہے۔'سانڈیا نیشنل لبارٹری کی 'ایشیا رسرچ سیکوریٹی کنسورٹیم' میں بڑے ایشیائی ملکوں کے اراکین ہوتے ہیں اور پروفیسر صدیقی کو ممبر انڈیا کے بطور اس میں شامل کیا گیا ہے۔ نیز وہ اگست دو ہزار چوبیس میں سنگاپور میں سانڈیا کی مالی امداد سے رسرچ سیکوریٹی فریم ورک کی تیاری کے مقصد سے منعقد ہونے والے ایک ورکشاپ میں شرکت بھی کریں گے۔

پروفیسر صدیقی امریکی ویلڈنگ سوسائٹی (اے ڈبلیو ایس) کی 'فرکشن اسٹر ویلڈنگ فار ایرواسپیس' سے متعلق ذیلی کمیٹی میں بھی رکن بنائے گئے ہیں۔ اس کمیٹی کا کام ایرواسپیس کی اپلی کیشن کے لیے فرکشن اسٹر ویلڈنگ اور فرکشن اسٹر اڈیٹیو تیاری کے سلسلے میں اے ڈبلیو ایس معیارات اور تکنیکی تفصیلات کی پیش رفت کی جانچ پڑتال ہے۔ انھیں 'ڈیفینیشنز اینڈ ٹرمینالوجیز کے ٹاسک گروپ کی ذیلی کمیٹی میں بھی شامل کیا گیا ہے۔

سانڈیا نیشنل لبارٹری اور امریکن ویلڈن سوسائٹی (اے ڈبلیو ایس) دونوں اہم اور موقر بین الاقوامی ادارے ہیں اور ان میں شمولیت فی الواقع بین الاقوامی امتیاز و اہمیت کی حامل ہے۔ فرکشن اسٹر ویلڈنگ اور پروسیسنگ اینڈ اڈیٹیو مینوفیکچرنگ اور نئے مواد کی تیاری سے متعلق پروفیسر صدیقی کے تحقیقی کام کو کافی سراہا گیا تھا اور کناڈا، برطانیہ، چین، روس اور امریکہ کے ممتاز محققین کے اشتراکی جدوجہد کے نتیجے میں یہ تحقیق سامنے آئی تھی۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی